روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 7 فروری 2009ء 11 صفر 1430 ہجری 7 تبلیغ 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 30

زیور دے دئیے

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے عیدالفطر کے موقع پر مسلمان خواتین کو صدقہ کی ترغیب دی۔ حضرت بلالؓ کپڑا پھیلائے ہوئے تھے اور صحابیاتؓ اس میں اپنی انگوٹھیاں اور بالیاں پھینکتی جارہی تھیں۔

(صحیح بخاری کتاب الجمعہ باب الخطبۃ بعد العید حدیث نمبر: 911)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جب خداتعالیٰ نے مجھ پر یہ ظاہر کردیا کہ اب تھوڑے دن باقی ہیں تو اسی لئے میں نے وہ تجویز سوچی جو قبرستان کی ہے۔ اور یہ تجویز میں نے اللہ تعالیٰ کے امر اور وحی سے کی ہے اور اسی کے امر سے اس کی بناء ڈالی ہے کیونکہ اس کے متعلق عرصہ سے مجھے خبر دی گئی تھی۔ میں جانتا ہوں کہ یہ تجویز بھی بہت سے لوگوں کے لئے ابتلاء کا موجب ہوگی لیکن اس بنا سے غرض یہی ہے کہ تا آنیوالی نسلوں کے لئے ایک ایسی قوم کا نمونہ ہو(۔) اور تا لوگ جانیں کہ وہ (دین) اور اس کی اشاعت کے لئے فدا شدہ تھے۔ ابتلاؤں کا آنا ضروری ہے اس سے کوئی بچ نہیں سکتا۔ خداتعالیٰ فرماتا ہے (۔) (العنکبوت: 3) یعنی کیا لوگ گمان کر بیٹھے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان سے اتنی ہی بات پر راضی ہوجاوے اور وہ کہہ دیں کہ ہم ایمان لائے؛ حالانکہ وہ ابھی امتحان میں نہیں ڈالے گئے اور پھر دوسری جگہ فرماتا ہے (۔) (آل عمران: 93) یعنی اس وقت تک تم حقیقی نیکی کو حاصل ہی نہیں کرسکتے جب تک تم اس چیز کو خرچ نہ کرو گے جو تم کو سب سے زیادہ عزیز اور محبوب ہے۔

اب غور کرو۔ جبکہ حقیقی نیکی اور رضاء الٰہی کا حصول ان باتوں کے بغیر ممکن ہی نہیں تو پھر نری لاف گزاف سے کیا ہوسکتا ہے۔ صحابہؓ کا یہ حال تھا کہ ان میں سے مثلاً ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وہ قدم اور صدق تھا کہ سارا مال ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے آئے۔ اس کی وجہ کیا تھی؟ یہ کہ خداتعالیٰ کے لئے زندگی وقف کرچکے تھے۔ اور انہوں نے کچھ بھی نہ رکھا تھا۔ مومن کی بھلائی کے دن بھلے آتے ہیں تو ایسے موقعوں پر جبکہ اس کو کچھ خرچ کرنا پڑے خوش ہوتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ وہ جوہر صدق وصفا کے جواب تک چھپے ہوئے تھے ظاہر ہوں گے۔ برخلاف اس کے منافق ڈرتا ہے اس لئے کہ وہ جانتا ہے کہ اب اس کا نفاق ظاہر ہوجائے گا۔

یہ قبرستان کا امر بھی اسی قسم کا ہے مومن اس سے خوش ہوں گے اور منافقوں کا نفاق ظاہر ہوجائے گا۔ میں نے اس امر کو جب تک تواتر سے مجھ پر نہ کھلا پیش نہیں کیا۔ اس میں تو کچھ شک ہی نہیں کہ آخر ہم سب مرنے والے ہیں۔ اب غور کرو کہ جو لوگ اپنے بعد اموال چھوڑ جاتے ہیں وہ اموال ان کی اولاد کے قبضہ میں آتے ہیں۔ مرنے کے بعد انہیں کیا معلوم کہ اولاد کیسی ہو؟ بعض اوقات اولاد ایسی شریر اور فاسق فاجر نکلتی ہے کہ وہ سارا مال شراب خانوں اور زناکاری میں اور ہر قسم کے فسق وفجور میں تباہ کیا جاتا ہے اور اس طرح پر وہ مال بجائے مفید ہونے کے مضر ہوتا ہے اور چھوڑنے والے پر عذاب کا موجب ہوجاتا ہے جبکہ یہ حالت ہے تو پھر کیوں تم اپنے اموال کو ایسے موقع پر خرچ نہ کرو جو تمہارے لئے ثواب اور فائدہ کا باعث ہو۔ اور وہ یہی صورت ہے کہ تمہارے مال میں دین کا بھی حصہ ہو۔ اس سے فائدہ یہ ہوگا کہ اگر تمہارے مال میں دین کا بھی حصہ ہے تو اس بدی کا تدارک ہوجائے گا۔ جو اس مال کی وجہ سے پیدا ہوئی ہو۔ یعنی جو بدی اولاد کرتی ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 592)

درخواست دعا

❁ مختلف سکولوں اور کالجوں کے امتحانات شروع ہوچکے ہیں۔ اور کچھ آئندہ شروع ہوں گے احباب جماعت سے تمام احمدی طلباء و طالبات کی نمایاں کامیابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ کو سپرد خاک کردیا گیا

❁ احباب جماعت کو یہ اطلاع دی جاچکی ہے کہ محترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی والدہ مکرمہ سلیمہ بیگم صاحبہ اہلیہ محترم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی صاحب میر پور خاص مورخہ 2 فروری 2009ء کو بعمر 87 سال وفات پا گئی تھیں۔ آپ حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود و معالج خصوصی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی صاحبزادی تھیں۔

آپ کی نماز جنازہ میر پور خاص شہر میں 2 فروری کو رات سوا دس بجے مکرم حافظ عبدالرحمٰن صاحب مربی سلسلہ ضلع میر پور خاص نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں میر پور خاص، عمر کوٹ، سانگھڑ، حیدر آباد، تھرپارکر، بدین اور کراچی سے کثیر تعداد میں احباب جماعت نے شرکت کی۔ بعد ازاں میت کو کراچی پہنچایا گیا جہاں سے تدفین کے لئے میت بذریعہ ہوائی جہاز فیصل آباد اور پھر ربوہ لائی گئی۔

مورخہ 5 فروری 2009ء کو آپ کی نماز جنازہ بیت مبارک میں بعد نماز ظہر محترم سید محمود احمد شاہ صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے پڑھائی۔ آپ خداتعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں۔ آپ کی تدفین قطعہ بزرگان بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے دعا کرائی۔ مرحومہ کے اکلوتے پوتے عزیزم اسامہ صدیقی بھی دیگر پسماندگان کے ساتھ اس موقع پر موجود تھے۔

آپ کو دینی و دنیوی علوم حاصل کرنے کا بہت شوق تھا۔ آپ اوائل عمر سے ہی تہجد گزار اور دعائیں کرنے

(باقی صفحہ 12 پر)

جلسہ صدسالہ خلافت جوبلی

جماعت احمدیہ ناروے

(مؤرخہ 27؍مئی 2008ء بمقام لیتھوہال)

مکرم چوہدری افتخار حسین اظہر صاحب جنرل سیکرٹری ناروے

27؍مئی 2008ء کے دن کا آغاز نمازِ تہجد سے کیا گیا جو بیت نور میں مکرم چوہدری شاہد محمود کاہلوں صاحب مربی سلسلہ ناروے نے پڑھائی اور خشوع و خضوع سے دعائیں کی گئیں۔ ایک سو بکروں کا صدقہ دیا گیا۔ جلسہ کے لئے اوسلو سے تقریباً 80 کلومیٹر دور ایک بڑا ہال (Letohallen) کرایہ پر لیا گیا۔ جہاں تزئین و آرائش کے ذریعے ہال کو سجایا گیا۔ جلسہ کا آغاز صبح 10 بجے ہوا۔ دور و نزدیک جماعتوں نے اس جلسہ میں شرکت کی۔ 10 بجے لوائے احمدیت مکرم زرتشت منیر احمد خان صاحب نیشنل امیر صاحب ناروے نے لہرایا جبکہ نارویجئین جھنڈا مسٹر Per Lund سابق میئر لورن سکوگ اور مکرم نور احمد صاحب بولستاد (سابق امیر جماعت) نے لہرایا۔ اِس دوران نعرہ ہائے تکبیر، نعرہ ہائے احمدیت نعرہ ہائے خلافت سے فضا گونجتی رہی۔ اطفال الاحمدیہ اور ناصرات الاحمدیہ نے اس موقع پر خلافت کے ترانے پیش کئے۔ اس موقع پر ایک سابق پارلیمنٹ ممبر مسٹر Kjell بھی موجود تھے۔ اس موقع پر بچوں میں غبارے اور احباب جماعت میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ معزز نارویجئین مہمانوں کو پھول اور تحائف پیش کئے گئے۔ اس ابتدائی تقریب پر مکرم امیر صاحب ناروے نے دُعا کروائی۔

پرچم کشائی کے بعد احباب ہال کے اندر تشریف لے آئے۔ ذیلی تنظیموں نے اپنے اپنے پروگرام منعقد کئے۔ لجنہ اماء اللہ ناروے نے ایک خوبصورت نمائش کا اہتمام کیا جس میں ادوارِ خلافت کے کارہائے نمایاں کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔ اِس دن کے لئے پوری جماعت احمدیہ عالمگیر کی نظریں اپنے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطاب کی منتظر تھیں۔ لہٰذا وقت آ گیا اور آپ کا نورانی چہرہ MTA کے ذریعے پردہ سکرین پر ظاہر ہوا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے پُر جوش اور جلالی خطاب کو بڑے انہماک سے تمام احباب جماعت نے سنا۔ اس موقع پر مردانہ اور زنانہ ہال میں حاضری 700 کے قریب تھی۔ تمام احباب جماعت ناروے نے کھڑے ہو کر حضور انور کے ساتھ عہد دہرایا۔ اُس وقت دلوں کی عجیب کیفیت تھی گویا بدنوں پر ایک لرزہ طاری تھا بعدہ دعا ہوئی۔

اجلاس دوم (نارویجئین سیشن)

اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اور نارویجئین زبان میں ترجمہ پیش کیا گیا۔

اس سیشن کی پہلی تقریر مکرم فیصل سہیل صاحب سیکرٹری دعوت الی اللہ نے کی آپ نے خلافت کے سو سال پورے ہونے کے موقع پر تمام شرکاء کو خوش آمدید کہا۔ موصوف مقرر نے خلافت راشدہ کا تعارف پیش کرنے کے بعد حضرت مسیح موعود کی بعثت کی غرض بیان کی۔

اس تقریر کے بعد مکرم نور احمد بولستاد صاحب نے جماعت کی بنیاد کو موضوعِ سخن بناتے ہوئے فرمایا کہ 1889ء کو حضرت مسیح موعود نے جماعت کی بنیاد ڈالی اور اعلیٰ ضابطہ اخلاق جو مفقود ہو چکا تھا کی بنیاد ڈالی اور دین کی حقیقی تعلیم متعارف کرائی پھر مکرم نور صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے پیغام کا نارویجئین ترجمہ پڑھ کر سنایا۔

معزز نارویجئین مہمانان کرام کو مکرم امیر صاحب نے خوش آمدید کہا اور اپنے اپنے تأثرات پیش کرنے کیلئے دعوت دی۔ لورن سکوگ کے میئر Mr. Age Toven نے وزیراعظم ناروے کا پیغام پڑھا اور صد سالہ خلافت جوبلی کے موقع پر جماعت احمدیہ عالمگیر کو مبارکباد پیش کی۔ عزت مآب وزیراعظم Mr. Jens Stoltenberg نے حضور انور کی خدمت میں سلام اور مبارکباد کا تحفہ بھجوایا۔

Nittedal کمیونٹی کی میئر نے اس موقع کی مناسبت سے مبارک باد پیش کی اور دعوت کا شکریہ ادا کیا۔ چھ کونسلوں کے میئر صاحبان نے اور دیگر معززین نارویجئین احباب نے اپنے تأثرات کا اظہار کیا اور مبارک باد پیش کی۔ پارلیمنٹ کے ممبر اختر چوہدری صاحب جو جسٹس کمیٹی کے ممبر ہیں۔ اُنہوں نے جماعت کو صد سالہ جوبلی کے موقع پر بہت مبارکباد پیش کی۔

پاکستانی ایمبیسی سے ڈپٹی ایمبیسڈر اور کونسلر مکرم ڈاکٹر خالد صاحب اور فرسٹ سیکرٹری صاحب اس جلسہ میں تشریف لائے ہوئے تھے۔

ناروے کی وزیر انتظامی امور اِس جلسہ میں مہمان خصوصی تھیں۔ انہوں نے نمائش ملاحظہ کی اور بہت خوشی کا اظہار کیا بعدہ لجنہ کی طرف تشریف لے گئیں۔ اور کھانا بھی اُن کے ساتھ تناول کیا۔ اپنی تقریر میں انہوں نے جماعت کو مبارکباد پیش کی اور نیک تمنّاؤں کا اظہار کیا۔

مکرم امیر صاحب نے تمام معززین، میئرز اور منسٹرز حضرات کو پھول اور تحائف پیش کرنے کے بعد دعا کرائی اور کھانے کی دعوت دی۔ اور یہ جلسہ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

خلافت کے ثمر

خلافت کے ثمر میں اس قدر جھولی میں پاتا ہوں
کہ جب بھی گننے لگتا ہوں تو گنتی بھول جاتا ہوں
میرا دل ایسا اک زرخیز رقبہ ہے جہاں پر میں
خلافت سے عقیدت کی نئی فصلیں اگاتا ہوں
خلافت کے غلاموں کی غلامی ایک نعمت ہے
میں خود کو اس لئے ہر قید سے آزاد پاتا ہوں
خدا کا فضل ہے کہ مشعلِ بیعت ہے ہاتھوں میں
اسی مشعل سے میں شک کے اندھیروں کو بھگاتا ہوں
یہ ان کا فیض ہے، ذرہ نوازی ہے، عنایت ہے
جو غربت میں بھی ان کے قرب کی دولت کماتا ہوں
سمندر اور پہاڑوں نے مرا رستہ بہت روکا
میں سینہ چیر کر ان کا فضا میں اڑتا جاتا ہوں
مخالف ظلم کرتا ہے مگر میں صبر کرتا ہوں
وہ مجھ کو آزماتا ہے میں اس کو آزماتا ہوں
مجھے اس عمر میں گھر سے نکلنا بوجھ لگتا ہے
مگر جب وہ بلاتے ہیں تو سر کے بل میں آتا ہوں
خوشی ملتی ہے تو اشکِ رواں تھمتے نہیں میرے
مگر جب زخم لگتے ہیں تو اکثر مسکراتا ہوں
محبت کی وہ گھڑیاں جن کی قیمت ہی نہیں کوئی
جب ان کے چومتا ہوں ہاتھ، آنکھوں سے لگاتا ہوں
وہ شاعر ہوں جو قدسی سر اٹھا کر شعر پڑھتے ہیں
مگر اشعار گھر میں، درثمین کے گنگناتا ہوں

عبدالکریم قدسی

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

رخ۔حفیظ

وسعت حوصلہ

اخلاق کی تعریف

سادہ زبان میں لوگوں کے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے ساتھ رویہ کو اخلاق کہتے ہیں۔ طبعی حالات اخلاق حالات سے کچھ الگ چیز نہیں بلکہ وہی حالات ہیں جو تعدیل اور موقع اور محل پر استعمال کرنے سے اور عقل کی تجویز اور مشورہ سے کام سے لانے میں اخلاقی حالات کا رنگ پکڑ لیتے ہیں۔

اخلاق کی عظمت کا اس بات سے ہی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ انسان کی روحانی ترقی کی راہ میں، اس کے باخدا ہونے سے پہلے بااخلاق ہونا آتا ہے۔

پانچ بنیادی اخلاق

اعلیٰ اخلاق الٰہی جماعت کی پہچان ہوتے ہیں۔ منجملہ اخلاق میں سے پانچ اخلاق کسی دین یا مذہب میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ ان پانچ اخلاق یعنی 1۔سچائی۔ 2۔نرم اور پاک زبان کا استعمال۔ 3۔وسعت حوصلہ۔ 4۔دوسروں کی تکلیف کا احساس اور اسے دور کرنا۔ 5۔مضبوط عزم و ہمت کو بے حد اہمیت حاصل ہے۔

جماعت احمدیہ میں ان اخلاق کی ترویج پر بے حد زور دیا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ میں اخلاق حسنہ پرعمل کرنے والوں کی اکثریت ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ان اخلاق کے متعلق فرمایا۔

’’آج کی جماعت احمدیہ اگران پانچ اخلاق پر قائم ہو جائے اور مضبوطی کے ساتھ قائم ہو جائے اور ان کی اولادوں کے متعلق بھی یہ یقین ہو جائے کہ یہ بھی آئندہ انہیں اخلاق کی نگران اور محافظ بنی رہیں گی اور ان اخلاق کی روشنی دوسروں تک پھیلاتی رہیں گی اور پہنچاتی رہیں گی تو پھر میں یقین رکھتا ہوں کہ ہم امن کی حالت میں اپنی جان دے سکتے ہیں۔ سکون کے ساتھ اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر سکتے ہیں اور یقین رکھ سکتے ہیں کہ جو عظیم الشان کام ہمارے سپرد کئے تھے، ہم نے جہاں تک ہمیں توفیق ملی ان کو سرانجام دیا‘‘۔ (خطبہ جمعہ فرمودہ مورخہ 24 نومبر 1989ء)

وسعت حوصلہ

ان اخلاق میں سے ایک خلق وسعت حوصلہ ہے۔ کسی نے تھوڑی سی کوئی بات کہہ دی یا کوئی نقصان ہوگیا تو گھبرانا نہیں چاہئے۔ بلکہ بلند حوصلہ کا مظاہرہ کرتے ہوئے اور صبر اور عفو سے کام لیتے ہوئے نرمی سے جواب دینا چاہئے۔

بعض بچوں سے نقصان ہو جائے یا گھر کا کوئی برتن ٹوٹ جائے یا کھانا کھاتے وقت پانی کا گلاس الٹ جائے تو بعض والدین بڑا سخت رویہ اختیار کرتے ہیں۔ ایسے مواقع پر صبر اور حوصلہ کے ساتھ نرمی سے بچے کو سمجھانے کا نام وسعت حوصلہ ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا:۔

’’اور باوجود اس کے کہ وہ خود ضرورت مند تھے دوسروں کو اپنے نفسوں پر ترجیح دیتے تھے‘‘۔

(الحشر: 10)

ایک اور جگہ ارشاد ہے۔

جو (متقی) خوشحالی (میں بھی) اور تنگدستی میں (بھی) (خدا کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور غصہ کو دبانے والے اور لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں اور اللہ محسنوں سے محبت کرتا ہے۔

(ال عمران: 135)

آنحضرتؐ کا نمونہ

سردار انبیاء حضرت محمدؐ نے مختصر عرصے میں توحید کے پیغام کو جس طرح دنیا کے کونے کونے میں پہنچایا اور آپؐ لوگوں کے دلوں پر حکومت کرنے لگے اس کو قرآن مجید نے ان الفاظ میں لیا ہے کہ اگر آپؐ تُند مزاج اور سخت دل ہوتے تو یہ لوگ تمہارے اردگرد سے بھاگ جاتے۔ پس حوصلے اور پیار سے بات کرنا حضرت اقدس محمدؐ کا شیوہ رہا اور اپنے صحابہؓ کو بھی اس کی تلقین کرتے رہے۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ سب لوگوں سے اچھے اخلاق کے مالک تھے۔ ایک بار آپؐ نے مجھے کسی کام سے بھیجا۔ میں نے کہا میں نہیں جاؤں گا۔ لیکن دل میں میرے یہ تھا کہ میں ضرور جاؤں گا کیونکہ رسولؐ اللہ حکم دے رہے ہیں۔ بہرحال میں چل پڑا اور بازار میں کھیلتے ہوئے بچوں کے پاس سے گزرا اور ان کے پاس کھڑا ہوگیا۔ آنحضرتؐ تشریف لائے اور پیچھے سے میری گردن پکڑ لی۔ میں نے مڑکر آپؐ کی طرف دیکھا تو آپؐ ہنس رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا انس! جس کام کے لئے میں نے تجھے بھیجا تھا وہاں گئے۔ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! ابھی جاتا ہوں۔ انسؓ کہتے ہیں خدا کی قسم میں نے نو سال تک رسولؐ اللہ کی خدمت کی، مجھے علم نہیں کہ آپؐ نے کبھی فرمایا ہو کہ تو نے یہ کام کیوں کیا یا کوئی کام نہ کیا تو آپؐ نے فرمایا ہو کہ تم نے یہ کام کیوں نہیں کیا۔

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ صدقہ سے مال میں کمی نہیں ہوتی اور جو شخص دوسرے کے قصور معاف کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اور عزت دیتا ہے اور کسی کے قصور معاف کر دینے سے کوئی بے عزتی نہیں ہوتی۔

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرتؐ نے کبھی کسی کو نہیں مارا۔ نہ کسی عورت کو نہ خادم کو۔ البتہ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں آپ نے خوب جہاد کیا۔ آپ کو جب کبھی کسی نے تکلیف پہنچائی تو بھی آپ نے کبھی اس سے انتقام نہیں لیا۔ ہاں جب اللہ تعالیٰ کے کسی قابل احترام مقام کی ہتک اور بے حرمتی کی جاتی تو پھر آپؐ اللہ تعالیٰ کی خاطر انتقام لیتے۔

دشمنوں کے لئے وسعت حوصلہ

جنگ احد میں رسول اللہؐ کے دو دانت شہید ہوگئے خود کی کڑیاں کنپٹی میں جا گھسیں۔ رخ انور سے خون بہنے لگا۔ صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ! ان شقی القلب ظالموں کے لئے بددعا کیجئے۔ تو اس تکلیف میں بھی جبکہ جنگ ہو رہی تھی اور مخالفانہ جذبات کا انتہا پر ہونا لازمی امر تھا مگر پھر بھی آپؐ نے فرمایا:

’’میں لعنت کرنے نہیں بھیجا گیا۔ مجھے تو خدا کی طرف سے بلانے والا اور سراپا رحمت بنایا گیا ہے۔ پھر یہ دعا کی اے اللہ! میری قوم کو ہدایت عطا فرما کیونکہ وہ نہیں جانتے‘‘۔

ہندہ خاندان نبوت کی قدیم ترین دشمن تھی۔ جنگ احد میں حضرت حمزہؓ کے کلیجہ کو اس نے چبایا تھا اور بعض شہیدوں کا مثلہ کر دیا تھا۔ فتح مکہ کے موقع پر آنحضرتؐ نے اسے بھی معاف کر دیا۔ جس کے نتیجہ میں وہ مشرف بہ اسلام ہوئی اور اپنے جذبات کا ان الفاظ میں اظہار کیا کہ

’’یارسول اللہ! سطح زمین پر آپ کے گھرانے سے زیادہ کوئی گھرانہ مجھے مبغوض نہ تھا۔ لیکن آج آپ کے گھرانے سے زیادہ کوئی گھرانہ مجھے محبوب نہیں‘‘۔

(سیرۃ الحلبیہ جلد 3 ص 118 مطبوعہ بیروت)

چند واجب القتل مجرموں میں ایک شخص ھبار بن الاسود بھی تھا۔ جس نے رسول اللہ کی صاحبزادی حضرت زینبؓ پر مکہ سے مدینہ ہجرت کے وقت نیزے سے قاتلانہ حملہ کیا اور وہ اونٹ پر سے ایک پتھریلی زمین پر گر گئیں۔ اس حادثہ کے نتیجہ میں ان کا حمل ضائع ہوگیا اور بالآخر یہی چوٹ ان کے لئے جان لیوا ثابت ہوئی۔ عفو و درگزر کے اس عظیم پیکر نے اپنی پیاری بیٹی کے اس قاتل کو بھی معاف فرمادیا۔

(سیرۃ الحلبیہ جلد 3 ص 106 مطبوعہ بیروت)

پس اگر ہم آنحضرتؐ کے اس اسوہ حسنہ کو اپنائیں تو ہمارے سارے جھگڑے ختم ہو جائیں اور باہمی رنجشیں دور ہو جائیں اور ایک دوسرے سے ناراضگیوں اور غصے کے نتیجہ میں جو ہماری صحتوں پر برا اثر پڑتا ہے اس سے ہم محفوظ رہ سکتے ہیں اور ہمارا معاشرہ پُرامن اور جنت نظیر معاشرہ بن سکتا ہے اور اس طرح ہماری دعوت الی اللہ بھی باثمر اور نتیجہ خیز ثابت ہوسکتی ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’جس کے اخلاق اچھے نہیں مجھے اس کے ایمان کا خطرہ ہے۔ کیونکہ اس میں تکبر کی ایک جڑ ہے‘‘۔

(البدر 8 مارچ 1904ء ص 7)

پھر فرمایا:۔

گالیاں سن کے دعا دو پا کے دکھ آرام دو
کبر کی عادت جو دیکھو تم دکھاؤ انکسار

تیر تاثیر محبت کا خطا جاتا نہیں
تیر اندازو نہ ہونا سست اس میں زینہار
دیکھ لو میل و محبت میں عجب تاثیر ہے
اک دل کرتا ہے جھک کر دوسرے دل کو شکار

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’یقیناً یاد رکھو کہ عقل اور جوش میں خطرناک دشمنی ہے جب جوش اور غصہ آتا ہے تو عقل قائم نہیں رہ سکتی۔ لیکن جو صبر کرتا ہے اور بردباری کا نمونہ دکھاتا ہے۔ اس کو ایک نور دیا جاتا ہے۔ جس سے اس کی عقل وفکر کی قوتوں میں ایک نئی روشنی پیدا ہو جاتی ہے اور پھر نور سے نور پیدا ہوتا ہے۔ غصہ اور جوش کی حالت میں چونکہ دل و دماغ تاریک ہوتے ہیں اس لئے پھر تاریکی سے تاریکی پیدا ہوتی ہے‘‘۔

(ملفوظات جلد 3 ص 180)

حضرت مسیح موعود کا پاکیزہ نمونہ

قادیان میں ایک صاحب لالہ بڈھا مل ہوا کرتے تھے یہ بہت کٹر قسم کے آدمی تھے اور حضرت مسیح موعود کی مخالفت میں ہمیشہ پیش پیش رہتے تھے۔ جب حضرت مسیح موعود نے قادیان کی بڑی (بیت) میں ...... ایک مینار کی بنیاد رکھی تو قادیان کے ہندوؤں نے ڈپٹی کمشنر گورداسپور کے پاس شکایت کی کہ اس مینار کی تعمیر روک دی جائے۔ کیونکہ اس سے ہماری عورتوں کی بے پردگی ہوگی۔ ...... یہ ڈپٹی صاحب قادیان آئے تو حضرت مسیح موعود سے ملے اور مینار کی تعمیر سے متعلق حالات دریافت کئے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ ہم نے یہ مینار کوئی سیر وتفریح یا تماشے کے لئے نہیں بنایا بلکہ محض ایک دینی غرض کے لئے بنایا ہے تاکہ ایک پیشگوئی پوری ہو اور تا ایک بلند جگہ سے (نداء) کی آواز لوگوں کے کانوں تک پہنچائی جائے اور روشنی کا انتظام بھی کیا جائے ورنہ اس پر ہمیں روپیہ خرچ کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ ڈپٹی صاحب نے کہا کہ یہ ہندو صاحبان بیٹھے ہیں ان کو اس پر اعتراض ہے کہ ہمارے گھروں کی بے پردگی ہوتی ہے۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا یہ اعتراض درست نہیں بلکہ ان لوگوں نے محض ہماری مخالفت میں یہ درخواست دی ہے ورنہ بے پردگی کا کوئی سوال نہیں اور اگر بالفرض کوئی بے پردگی ہے بھی تو وہ ہماری بھی ہے۔ پھر آپ نے لالہ بڈھا مل کی طرف اشارہ کیا جو بعض دوسرے ہندوؤں کے ساتھ مل کر ان ڈپٹی صاحب کے ساتھ حضرت مسیح موعود کے پاس

آئے تھے اور فرمایا یہ لالہ بڈھامل صاحب بیٹھے ہیں آپ ان سے پوچھیں کہ کیا کبھی ایسا ہوا ہے کہ میرے لئے ان کو فائدہ پہنچانے کا کوئی موقع پیدا ہوا ہو اور میں نے ان کی امداد میں دریغ کیا ہو؟ اور پھر ان سے یہ بھی پوچھیں کہ کیا کبھی ایسا ہوا ہے کہ مجھے نقصان پہنچانے کا انہیں کوئی موقع ملا ہو اور یہ نقصان پہنچانے سے رکے ہوں؟ حافظ روشن علی صاحب جو سلسلہ کے ایک جید عالم تھے بیان کیا کرتے تھے کہ اس وقت لالہ بڈھامل صاحب پاس بیٹھے تھے مگر شرم اور ندامت کی وجہ سے انہیں جرأت نہیں ہوئی کہ حضرت مسیح موعود کی بات کا جواب تو در کنار حضور کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھ سکیں۔

(سیرت المہدی)

اس مثال سے یہ بات بہت واضح ہو جاتی ہے کہ حضرت مسیح موعود اپنے سخت دشمنوں کو بھی بار بار معاف فرما دیا کرتے تھے اور ان کی مخالفتوں کے جواب ہمیشہ محبت سے دیا کرتے تھے۔ یہ صفت انسان میں بلند حوصلہ سے ہی آ سکتی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی جب بچے تھے تو حضرت مسیح موعود کا ایک بہت ہی قیمتی مقالہ جو آپ نے تحریر فرمایا تھا اور اس کو طباعت کے لئے تیار فرمایا تھا، وہ آپ نے کھیل کھیل میں جلا دیا اور سارا گھر ڈرا بیٹھا تھا کہ اب پتہ نہیں کیا ہوگا اور کیسی سزا ملے گی لیکن جب حضرت مسیح موعود کو علم ہوا تو آپ نے فرمایا کوئی بات نہیں۔ خدا اور توفیق دے دے گا۔

یہ واقعہ حضرت بانی سلسلہ کے کمال وسعت حوصلہ کی عظیم مثال ہے۔ ہمیں بھی ان کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول

حضرت چوہدری غلام محمد صاحب بی اے بیان کرتے ہیں:۔

ایک دن ایک یتیم لڑکے سراج دین نامی نے ایک جولاہے کا تانا خراب کر دیا۔ جولاہا تانا لے کر حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے پاس آیا اور آپ سے اس نقصان کے عوض پانچ روپیہ وصول کئے یہ لڑکا بورڈنگ میں داخل تھا حضور نے مجھے بلا کر فرمایا کہ سراج دین نے جولاہوں کا تانا خراب کر دیا ہے اسے اس کی سزا دیں میں نے عرض کیا بہت اچھا، جب میں دروازہ تک پہنچا تو آپ نے مجھے واپس بلا لیا اور فرمایا کہ سراج دین یتیم لڑکا ہے اس کو جھڑکنا نہیں۔ میں نے عرض کیا بہت اچھا اور واپس آ کر میں نے اسے یہ سزا دی کہ آٹھ دن تک وہ روزانہ ایک صفحہ خوشخط لکھ کر مجھے دکھایا کرے۔

(رفقاء احمد جلد ہشتم ص173)

یہ واقعہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی نرم دلی اور وسعت حوصلہ کا مظہر ہے۔

حضرت چوہدری صاحب ایک اور روایت بیان کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچوں سے زیادہ یتامیٰ پر خرچ کرتے تھے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:۔

ایک دفعہ آپ نے اپنے بڑے لڑکے میاں عبدالحی کو بورڈنگ میں داخل کرا دیا اور مجھے لکھ دیا کہ میں غریب آدمی ہوں اس لئے عزیز عبدالحی کے خرچ میں حتی الوسع کفایت کرنے کی کوشش کریں۔ میں نے حاضر ہو کر عرض کی کہ اگر عبدالحی کا کھانا گھر سے آ جایا کرے تو خرچ میں بہت تخفیف ہو سکتی ہے آپ نے فرمایا کہ میرے پاس کوئی نوکر نہیں ہے اس لئے کھانا بھیجنا بہت مشکل ہے نیز میری بیوی اکثر بیمار رہتی ہے اس لئے وقت کی پابندی بھی مشکل ہے۔ اس لئے بورڈنگ کے خرچ میں ہی تخفیف کریں۔

حضور نے اپنے بچہ کے متعلق کفایت شعاری کے لئے اس قدر تاکید فرمائی حالانکہ اس وقت بورڈنگ ہاؤس میں پانچ یا چھ یتیم ایسے تھے جن کا خرچ آپ اپنی گرہ سے دیتے تھے اور ان کے خرچ میں تخفیف رکھنے کے لئے آپ نے کبھی بھی نہیں فرمایا تھا۔

(رفقاء احمد جلد ہشتم ص72)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

میں اپنے پیاروں کی نسبت ہرگز نہ کروں گا پسند کبھی
وہ چھوٹے درجہ پہ راضی ہوں اور ان کی نگاہ رہے نیچی
وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر شیروں کی طرح غراتے ہوں
ادنیٰ سا قصور اگر دیکھیں تو منہ میں کف بھر لاتے ہوں

حضرت سیدہ بشریٰ بیگم صاحبہ (مہر آپا) حرم حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتی ہیں:۔

ہم لوگ باہم بیٹھے ایک دفعہ گھروں میں کام کرنے والوں کے متعلق معمولی قسم کا تبادلہ خیال کر رہے تھے۔ موضوع یہ تھا کہ یہ لوگ باوجود ہر چیز میسر ہونے کے دیانتداری سے کیوں کام نہیں لیتے؟ جبکہ ان کو تاکید کی ہوتی ہے کہ اگر کسی چیز کی زائد ضرورت ہو تو تم لوگ کہہ کر لے لیا کرو وغیرہ۔ حضرت مصلح موعود دوسرے کمرہ میں کام کر رہے تھے ہماری باتوں کی آواز ان کے کان میں پڑ گئی۔ آپ نے فرمایا کیا بدیاں تم لوگ کر رہے ہو تم لوگوں کا یہ طریق ان کی اصلاح کا موجب نہیں ہو سکتا۔ یا تو ان کی اصلاح کی صحیح راہ اختیار کرو۔ اگر سمجھانے کے بعد بھی وہ ایسا ہی رویہ اختیار کرتے ہیں تو تم ان کے متعلق اس طریق پر باتیں نہ کرو۔ تم لوگ یہ کیوں نہیں سمجھتے کہ آخر یہ لوگ (کام کرنے والے) اور ہم ایک ہی طرح کی خدا تعالیٰ کی مخلوق ہیں اور خدا تعالیٰ کی ذات انتہائی رحیم ہے۔ ان کا یہ حال کیوں؟ ان کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ گرمی سردی میں باورچی خانہ وغیرہ کی تپش کے سامنے ہوتے ہیں۔ تمہیں ان لوگوں کی اصلاح کرنی چاہئے مگر پیار و محبت اور نرمی سے دلداری سے نہ کہ یوں بیٹھ کر ان کے خلاف اس طریق پر باتیں کرنا۔ تمہارا یہ طریق بھی خدا تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ ہے۔

(ماہنامہ خالد سیدنا مصلح موعود نمبر 2008ء ص128)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

میرے بچپن کا ایک واقعہ ہے میں بہت چھوٹا تھا اس وقت لیکن ابھی تک وہ واقعہ مجھے پیارا لگتا ہے۔ میں (بیت) اقصیٰ میں عشاء کی نماز کے لئے جایا کرتا تھا کیونکہ عشاء کی نماز (بیت) مبارک میں بہت دیر سے ہوتی تھی اور میں مدرسہ احمدیہ میں نیا نیا داخل ہوا تھا۔ پڑھائی کی طرف توجہ دینے اور نیند پوری لینے کی خاطر حضرت (اماں جان) مجھے فرماتی تھیں کہ تم (بیت) اقصیٰ میں جا کر نماز پڑھ آیا کرو۔ ورلی سیڑھیاں یعنی (بیت) مبارک کی وہ سیڑھیاں جو اسی دروازہ کے ساتھ ہیں جو دار مسیح کے اندر جانے والا دروازہ ہے وہاں سے میں اترتا۔ وہ گلی بڑی اندھیری تھی۔ اب تو شاید وہاں بجلی لگ گئی ہوگی۔ اس زمانہ میں بجلی نہیں تھی۔

ایک دن میں نیچے اترا نماز کے لئے تو عین اس وقت مدرسہ احمدیہ کے طلباء کی لائن نماز کے لئے جا رہی تھی اور اندھیرا تھا۔ خیر میں لائن میں شامل ہو گیا۔ لیکن اس اندھیرے میں کچھ پتہ نہیں لگ رہا تھا میرا پاؤں ایک طالب علم کے سلیپر پر لگا اور وہ سمجھا کہ کوئی لڑکا اس سے شرارت کر رہا ہے۔ وہ پیچھے مڑا اور ایک چپیڑ مجھے لگا دی اس کو کچھ پتہ نہیں تھا کہ کسے میں چپیڑ لگا رہا ہوں اور کیوں لگا رہا ہوں۔ مجھے خیال آیا کہ اگر میں اس کے سامنے ہو گیا تو اس کو بہر حال شرمندگی اٹھانی پڑے گی۔ اس خیال سے میں ایک طرف کھڑا ہو گیا اور جب پندرہ بیس بچے وہاں سے گزر گئے تب میں دوبارہ اس لائن میں داخل ہو گیا تا کہ اس کو شرمندگی نہ اٹھانی پڑے۔ (الفضل 8 جون 1968ء)

کس قدر حوصلے کا مظاہرہ فرمایا آپ نے دل آپ کی عظمت کا بے ساختہ قائل ہو جاتا ہے۔

پھر ایک اور جگہ فرمایا:۔

میں جن دنوں گورنمنٹ کالج لاہور میں پڑھا کرتا تھا ان دنوں کا مجھے اپنا ایک واقعہ یاد آ گیا۔ کالج میں چھٹی تھی میں قادیان جا رہا تھا۔ ایک تیز قسم کا مخالف بھی گاڑی کے اسی ڈبے میں بیٹھ گیا۔ لاہور سے امرتسر تک وہ میرے ساتھ سخت بدزبانی کرتا رہا اور میں مسکرا کر اسے جواب دیتا رہا۔ جس وقت وہ امرتسر میں اترا تو اس مسکراہٹ اور خوش خلقی کا اس پر یہ اثر تھا کہ وہ مجھے کہنے لگا۔ اگر آپ جیسے (مربی) آپ کو دو سو مل جائیں تو آپ ہم لوگوں کو جیت لیں گے۔ کیونکہ میں نے آپ کو غصہ دلانے کی پوری کوشش کی مگر آپ تھے کہ ہنستے چلے جا رہے تھے۔ (الفضل 12 مئی 1971ء)

آپ نے ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں'' کا نعرہ بلند کر کے ہمیں سبق دیا کہ اپنے دلوں میں ہر ایک کی محبت پیدا کرنی چاہئے۔ دشمنی کسی سے نہیں کرنی۔ حقیر کسی کو نہیں سمجھنا۔ نفرت احمدیہ جماعت کسی سے نہیں کرتی۔ اس عزم سے آگے بڑھتے جانا چاہئے۔ اپنے دشمنوں کے لئے بھی دعا کرنی چاہئے۔ کیونکہ ہم کسی کے دشمن نہیں۔ یہ سبق اپنی ساری خلافت میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ہمیں دیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے ایک خطبہ میں فرمایا:۔

تیسری چیز وسعت حوصلہ ہے۔ بچپن ہی سے اپنی اولاد کو یہ سکھانا چاہئے کہ اگر تمہیں کسی نے تھوڑی سی کوئی بات کہی ہے یا تمہارا کچھ نقصان ہو گیا ہے تو گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ اپنا حوصلہ بلند رکھو اور حوصلے کی یہ تعلیم بھی زبان سے نہیں بلکہ اس سے بڑھ کر اپنے عمل سے دی جاتی ہے۔ بعض بچوں سے نقصان ہو جاتے ہیں۔ گھر کا کوئی برتن ٹوٹ گیا۔ سیاہی کی کوئی دوات گر گئی۔ کھانا کھاتے ہوئے پانی کا گلاس الٹ گیا اور ان چھوٹی چھوٹی باتوں پر میں نے دیکھا کہ بعض ماں باپ برافروختہ ہو کر بچوں کے اوپر برس پڑتے ہیں، ان کو گالیاں دینے لگ جاتے ہیں۔ چپیڑیں مارتے ہیں اور کئی طرح کی سزائیں دیتے ہیں اور صرف یہی نہیں بلکہ جن قوموں میں یا جن ملکوں میں ابھی تک ان کا ایک طبقہ یہ توفیق رکھتا ہے کہ وہ نوکر رکھے، وہاں نوکروں کے ساتھ تو اس سے بھی بہت بڑھ کر بدسلوکیاں ہوتی ہیں تو ان جگہوں میں جہاں نوکروں سے بدسلوکیاں ہو رہی ہوں، ان گھروں میں جہاں بچوں سے بدسلوکیاں ہو رہی ہوں وہاں آئندہ قوم میں بڑا حوصلہ پیدا نہیں ہو سکتا۔ حضرت مسیح موعود نے اپنے بچوں کی جو تربیت کی وہ محض کلام کے ذریعے نہیں کی بلکہ اعلیٰ اخلاق کے اظہار کے ذریعہ کی ہے ......حوصلہ اپنے عمل سے پیدا کیا جاتا ہے اور وہ ماں باپ جن کے دل میں حوصلے نہ ہوں، وہ اپنے بچوں میں حوصلے نہیں پیدا کر سکتے اور نرم گفتاری کا بھی حوصلے سے بڑا گہرا تعلق ہے۔ چھوٹے حوصلے ہمیشہ بدتمیز زبان پیدا کرتے ہیں۔ بڑے حوصلوں سے زبان میں بھی تحمل پیدا ہوتا ہے اور زبان کا معیار بھی بلند ہوتا ہے۔ پس محض زبان میں نرمی پیدا کرنا کافی نہیں جب تک حوصلہ بلند نہ کیا جائے اور وسیع حوصلگی جماعت کے لئے آئندہ بہت ہی کام آنے والی چیز ہے جس کے غیر معمولی فوائد ہمیں اندرونی طور پر اور بیرونی طور پر بھی نصیب ہو سکتے ہیں لیکن وسیع حوصلگی کا یہ مطلب نہیں کہ ہر نقصان کو برداشت کیا جائے اور نقصان کی پرواہ نہ کی جائے تو حوصلے سے مراد ہرگز یہ نہیں کہ نقصان کی پرواہ نہ کرنے کی عادت ڈالی جائے۔ یہ دو باتیں پہلو بہ پہلو چلنی چاہئیں۔ حوصلے سے مراد یہ ہے کہ اگر اتفاقاً کسی سے کوئی نقصان پہنچتا ہے تو اس پر برداشت کیا جائے اور اسے کہا جائے کہ اس قسم کی باتیں ہوتی رہتی ہیں اور جن کے حوصلے بلند ہوں وہ پھر بڑے ہو کر بڑے نقصان برداشت کرنے کے بھی زیادہ اہل ہو جاتے ہیں۔ (الفضل 11 دسمبر 1989ء)

اطاعت

اسی طرح اگر خدانخواستہ ہماری کسی عہدیدار سے ان بن ہو جائے تو خواہ ہمارا مؤقف اور رائے درست

(باقی صفحہ 11 پر)

مکرم چوہدری منیب آصف صاحب

صفائی نصف ایمان ہے

دین حق ایک بہت ہی پیارا اور حسین مذہب ہے اور اس نے بنی نوع انسان کی فلاح و بہبود کے لئے بڑی پاک اور اعلیٰ اور حسین تعلیم دی ہے۔ دین حق کی تعلیمات بنی نوع انسان کی زندگی کے ہر شعبے اور ہر پہلو میں رہنمائی کرتی ہیں۔ بظاہر چھوٹی اور معمولی نظر آنے والی بات کے متعلق بھی اس میں احکامات موجود ہیں۔ یہ بظاہر چھوٹی چھوٹی باتیں انسان کی شخصیت کو بنانے اور کردار کو سنوارنے میں بڑا اہم کردار ادا کرتی ہیں اور یہی چھوٹی چھوٹی باتیں اللہ تعالیٰ سے تعلق کا ذریعہ بنتی ہیں۔ انہی باتوں میں سے ایک بات صفائی، پاکیزگی یا طہارت یا نظافت ہے اور ایک مومن میں اس کا پایا جانا انتہائی ضروری ہے۔ صفائی کے بارے میں بھی قرآن کریم میں متعدد مقامات پر احکامات موجود ہیں چنانچہ اللہ تعالیٰ ایک جگہ فرماتا ہے:۔

جہاں تک تیرے کپڑوں کا تعلق ہے تو انہیں بہت پاک کر اور جہاں تک ناپاکی کا تعلق ہے تو اس سے کلیۃً الگ رہ۔

مندرجہ بالا آیت کے حوالے سے حضرت مسیح موعود اپنی تصنیف ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' میں فرماتے ہیں:۔

''اپنے کپڑے صاف رکھو بدن کو اور گھر کو اور کوچہ کو اور ہر ایک جگہ کو جو تمہاری نشست ہو پلیدی اور میل کچیل اور کثافت سے بچاؤ یعنی غسل کرتے رہو اور گھروں کو صاف رکھنے کی عادت پکڑو۔''

(روحانی خزائن جلد 10 ص 337 اسلامی اصول کی فلاسفی صفحہ 23)

انہی آیات کی تشریح کرتے ہوئے ایک اور جگہ بھی حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔

ان آیات میں اشارہ ہے کہ آپؐ کے ہاتھ پر بت مقہور ہوں گے اور جلال اور عظمت الٰہی ظاہر ہوگی اور آپ پلیدی سے الگ ہو جائیں۔ اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ اس طرف آنے کے لئے ہر قسم کی پلیدی دور ہونی چاہئے۔ نیز اس طرف اشارہ ہے کہ خدا نے ارادہ فرمایا ہے مشرکوں کی مجلس سے کہ جو ناپاک ہیں تجھے الگ کر دیں گے اور مکہ کی سرزمین سے شرک مٹا دیا جائے گا۔ اور اپنے لباس اور دل کو پاک کر (ثوب کے معنی دل کے بھی ہیں) میں یہ اشارہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے ارادہ فرمایا ہے کہ دلوں کو ہر قسم کے شرک ظلم اور غیر اللہ کی طرف متوجہ ہونے سے پاک کر دیا جائے گا نیز ان آیات میں اس طرف اشارہ ہے کہ شریعت ان تمام اجزاء پر مشتمل ہے۔

(لجة النور، روحانی خزائن جلد 16 صفحہ 493)

ہمارے پیارے آقا حضرت محمدؐ نے بھی کئی دفعہ صفائی اور پاکیزگی کی طرف توجہ دلائی تھی۔

حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا:۔

طہارت، پاکیزگی اور صاف ستھرا رہنا بھی ایمان کا حصہ ہے۔

(مسلم کتاب الطہارۃ باب فضل الوضوء)

ایک اور جگہ حضرت ابو مالک اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ

''پاکیزگی اختیار کرنا نصف ایمان ہے۔''

(المعجم الکبیر جلد 3)

ان احادیث اور آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مومن کے لئے صفائی کا خیال رکھنا کتنا ضروری ہے اور ان میں سے اکثر احادیث بہت سے لوگوں کو یاد ہوتی ہیں اصل بات تو یہ ہے کہ اس پر عمل کس حد تک ہے؟

یہ دیکھنے والی چیز ہے۔ اگر ایک جگہ صفائی کرتے ہیں تو دوسری جگہ گند ڈال دیتے ہیں اور بدقسمتی سے جس شدت سے صفائی کا احساس ہونا چاہئے وہ نہیں ہے۔

آنحضرتؐ ایک دن مسجد میں تشریف فرما تھے کہ ایک شخص پراگندہ بال اور بکھری داڑھی والا آیا۔ رسول اللہؐ نے اسے اشارہ سے سمجھاتے ہوئے فرمایا کہ سر کے اور داڑھی کے بال درست کرو جب وہ سر کے بال ٹھیک ٹھاک کر کے آیا تو رسول اللہؐ نے فرمایا کہ یہ شکل بہتر ہے یا انسان کے بال بکھرے ہوئے ہوں اور وہ شیطان اور بھوت لگے۔

(موطا امام مالك۔ باب ماجا فی الطعام و الشراب)

اسی طرح آپؐ نے انسان کی فطرت میں موجود بنیادی باتوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ دس باتیں فطرت انسانی میں داخل ہیں۔ مونچھیں تراشنا، داڑھی رکھنا، مسواک کرنا، پانی سے ناک صاف کرنا، ناخن کٹوانا، انگلیوں کے پورے صاف رکھنا، بغلوں اور زیر ناف بالوں کو صاف کرنا، استنجا کرنا، راوی کہتے ہیں کہ دسویں بات میں بھول گیا ہوں۔ شاید وہ (کھانے کے بعد) کلی کرنا ہے۔

(مسلم کتاب الطھارب بات خصال الفطرة)

مندرجہ بالا احادیث کی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اللہ سے تعلق جوڑنے کے لئے جہاں دوسری باتوں پر عمل کرنے کی ضرورت ہے وہاں صفائی بھی اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑنے کا ذریعہ بنتی ہے اور اللہ تعالیٰ بھی ایسے بندوں سے محبت اور شفقت کا سلوک فرماتا ہے جس کا ذکر خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں ان الفاظ سے کیا ہے۔

کہ یقیناً اللہ کثرت سے توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اور پاک صاف رہنے والوں سے بھی محبت کرتا ہے۔ (سورۃ بقرہ:223)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا

اصل اللہ تعالیٰ کا محبوب انسان اس وقت بنتا ہے جب توبہ استغفار کے ذریعے اپنی باطنی صفائی کا بھی ظاہری صفائی کیساتھ اہتمام کرے۔

لباس کی صفائی اور گند سے دور رہنے کے لئے قرآن مجید میں ارشاد ہوا کہ

یعنی ہر ایک قسم کی پلیدی سے پرہیز کرو۔

حضرت اقدس مسیح موعود اس آیت کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ ''ہجر'' دور جانے کو کہتے ہیں اس سے یہ معلوم ہوا کہ روحانی پاکیزگی چاہنے والوں کے لئے ظاہری پاکیزگی اور صفائی بھی ضروری ہے۔

کیونکہ ایک قوت کا اثر دوسری پہ اور ایک پہلو کا دوسرے پر ہوتا ہے۔ دو حالتیں ہیں جو باطنی حالت تقوٰی اور طہارت پر قائم ہونا چاہتے ہیں وہ ظاہری پاکیزگی بھی چاہتے ہیں پس یاد رکھو کہ ظاہری پاکیزگی اندرونی پاکیزگی کو مستلزم ہے۔

(رسالہ الانذار صفحہ 60-61)

ایک اور جگہ پر حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ یہ احکامات اسی لئے ہیں کہ انسان حفظان صحت کے اسباب کی رعایت رکھ کر اپنے تئیں جسمانی بلاؤں سے بچاوے۔

عیسائیوں کا یہ اعتراض ہے کہ یہ کیسے احکام ہیں جو ہمیں سمجھ نہیں آتے کہ قرآن کہتا ہے کہ تم غسل کر کے اپنے بدنوں کو پاک رکھو اور مسواک کرو۔ خلال کرو اور ہر ایک پلیدی سے اپنے تئیں اور اپنے گھر کو بچاؤ اور بدبوؤں سے دور رہو۔ مردار اور گندی چیزیں نہ کھاؤ۔

اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن نے اس زمانے میں عرب کو ایسا ہی پایا تھا اور وہ نہ صرف روحانی پہلو کی رو سے خطرناک حالت میں تھے بلکہ جسمانی پہلو کی رو سے بھی ان کی حالت خطرہ میں تھی۔ پس یہ خدا تعالیٰ کا ان پر اور تمام دنیا پر احسان تھا کہ حفظان صحت کے قواعد مقرر فرمائے۔ .... افسوس اس بات کو نہیں جانتے کہ جو شخص جسمانی پاکیزگی کی رعایت کو بالکل چھوڑ دیتا ہے وہ رفتہ رفتہ وحشیانہ حالت میں گر کر روحانی پاکیزگی سے بھی بے نصیب رہ جاتا ہے۔

پس یہ کیسی نادانی ہے کہ ظاہر اور جسمانی پاکیزگی پر اعتراض کیا جائے اور یہ تعلیم دی جائے کہ تم جسمانی پاکیزگی کی کچھ پرواہ نہ رکھو۔ نہ خلال کرو نہ مسواک کرو اور نہ کبھی غسل کر کے بدن پر سے میل اتارو اور نہ پاخانہ کر کے طہارت کرو اور تمہارے لئے صرف روحانی پاکیزگی کافی ہے ہمارے ہی تجارت ہمیں بتلا رہے ہیں کہ ہمیں جیسا کہ روحانی پاکیزگی کی روحانی صحت کے لئے ضرورت ہے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ ہماری جسمانی پاکیزگی کو ہماری روحانی پاکیزگی میں بہت کچھ دخل ہے۔ کیونکہ جب ہم جسمانی پاکیزگی کو چھوڑ کر اس کے بدخطرات یعنی بیماریوں کو بھگتنے لگتے ہیں تو اس وقت ہمارے دینی فرائض میں بھی حرج ہو جاتا ہے اور ہم بیمار ہو کر ایسے نکمے ہو جاتے ہیں کہ کوئی خدمت دینی بجا نہیں لا سکتے۔ اور یا چند روز دکھ اٹھا کر اس دنیا فانی سے کوچ کر جاتے ہیں بلکہ بجائے اس کہ بنی نوع کی خدمت کر سکیں اپنی جسمانی ناپاکیوں اور ترک قواعد حفظان صحت سے اوروں کے لئے وبال جان ہو جاتے ہیں اور آخر ان ناپاکیوں کا ذخیرہ جس کو ہم اپنے ہاتھ سے اکٹھا کرتے ہیں وبا کی صورت میں مشتعل ہو کر پورے ملک کو دکھاتا ہے اور اس تمام مصیبت کا موجب ہم ہی ہوتے ہیں کیونکہ ہم ظاہری پاکی کے اصولوں کی رعایت نہیں رکھتے۔

پس دیکھو کہ قرآنی اصولوں کو چھوڑ کر اور فرقانی وصایا کو ترک کر کے کیا کچھ بلائیں انسانوں پر وارد ہوتی ہیں اور ایسے بے احتیاط لوگ جو نجاستوں سے پرہیز نہیں کرتے اور عفونتوں کو اپنے گھروں اور کوچوں اور کپڑوں اور مونہہ سے دور نہیں کرتے ان کی بے اعتدالیوں کی وجہ سے نوع انسان کے لئے کیسے خطرناک نتائج پیدا ہوتے ہیں اور کیسی یک دفعہ وبائیں پھوٹتی ہیں اور موتیں پیدا ہوتی ہیں اور شور قیامت برپا ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ لوگ مرض کی دہشت سے اپنے گھروں اور مال اور املاک اور تمام اس جائیداد سے جو جان کاہی سے اکٹھی کی تھی دست بردار ہو کر دوسرے ملکوں کی طرف دوڑتے ہیں اور مائیں بچوں سے اور بچے ماؤں سے جدا کئے جاتے ہیں کیا یہ مصیبت جہنم کی آگ سے کچھ کم ہے؟ ڈاکٹروں سے پوچھو اور طبیبوں سے دریافت کرو کہ کیا ایسی لاپرواہی جو جسمانی طہارت کی نسبت عمل میں لائی جائے وباء کے لئے عین موزوں اور موید ہے یا نہیں؟ پس قرآن نے کیا برا کیا کہ پہلے جسموں اور گھروں اور کپڑوں کی صفائی پر زور دے کر انسانوں کو اس جہنم سے بچانا چاہا جو اسی دنیا میں یک دفعہ فالج کی طرح گرتا اور عدم تک پہنچاتا ہے۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 صفحہ 332 تا 334)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ایک جگہ بناؤ سنگھار اور حقیقی صفائی میں فرق بتاتے ہوئے فرمایا کہ

''میں یہ بھی کہہ دینا چاہتا ہوں کہ میں اس صفائی کا بھی قائل نہیں ہوں جیسے بعض انگریز کرتے ہیں کہ ذرا سا دھبہ کپڑے میں لگ گیا اور اسے اتار دیا جیسا کہ آجکل کے بعض نوجوان کرتے ہیں کہ بالوں کو برش

کرتے رہے۔ کئی کئی گھنٹے بالوں اور چہروں کی صفائی میں لگا دیتے ہیں میرا مطلب صرف اس صفائی سے ہے جو صحت پر اثر ڈالتی ہے اس کی کوئی صفائی نہیں کہ داڑھی اور مونچھوں کو موڑتے اور بالوں کو کنگھی کرتے ہیں اور یوں معلوم ہوتا ہے کہ اس عورت کی نئی نئی شادی ہوئی ہے۔ یہ صفائی نہیں بلکہ لغویت اور بے ہودگی ہے ہاں جہاں گندگی اور غلاظت ہو اسے دور کرنا چاہئے۔

وہ صفائی جو............ چاہتا ہے وہ یہ ہے کہ گند نظر نہ آئے اور صحت خراب نہ ہو اور پھر بعض لوگ صفائی پسند ہوتے ہیں کہ مصافحہ بھی نہیں کرتے کہ اس طرح کیڑے لگ جائیں گے یہ بھی صفائی نہیں بلکہ جنون ہے ایسی صفائی جو اخلاق کو تباہ کر دیوے جائز نہیں۔ بعض لوگ کسی کے ساتھ برتن میں کھانا نہیں کھاتے۔ یہ بھی ان کے نزدیک صفائی ہے مگر ایسی صفائی سے .... منع کرتا ہے جو صفائی محبت اور اخوت میں روک ہو وہ بے دینی ہے۔

پس ہر کام کے وقت اس کی خوبی اور برائی کا موازنہ کر کے دیکھنا چاہئے مصافحہ کرنے سے فرض کرو اگر بیماری بھی ہو جائے یا سال میں آٹھ دس آدمی اس طرح مر بھی جائیں تو اس پیار اور محبت کے مقابلہ میں جو اس سے پیدا ہوتا ہے اور ان دونوں کے مقابلے میں جو پیدا ہوتی ہے اس کی حقیقت ہی کیا ہے؟ اگر محبت کی وجہ سے لاکھوں آدمی بچ جائیں اور آٹھ دس مر بھی جائیں تو کیا ہے دیکھنا تو یہ چاہئے کہ نقصان زیادہ ہے یا فائدہ اور جو چیز ہو زیادہ اس کا خیال رکھنا چاہئے۔

کیونکہ ہر بڑی چیز کے لئے چھوٹی چیز کی قربانی کرنی پڑتی ہے۔ پس ایسی صفائی جس سے تعیش اور وقت کا ضیاع ہو یا محبت میں روک ہو اسے مٹانا چاہئے۔

ایک مومن اور دنیادار میں بنیادی فرق یہ ہے کہ وہ صاف ستھرا رہتا ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ خوبصورتی کو پسند فرماتا ہے پس یہ اس کی ظاہری خوبصورتی کا اظہار بھی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا حاصل کرنے کے لئے ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا اپنے ظاہری رکھ رکھاؤ سے بھی اظہار کرنا چاہئے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی تعلیم کے مطابق ان غریبوں کا بھی خیال رکھنا چاہئے کہ ایک بھائی کی حیثیت سے ان کا بھی پورا پورا حق ادا ہوگا۔

ہر احمدی کا فرض بنتا ہے کہ ایمان کا دعویٰ کرنے کے بعد ہم اپنی ظاہری و باطنی صفائی کی طرف خاص توجہ دے تا کہ ہمارے روح و جسم ایک طرح سے اللہ تعالیٰ کے آستانہ پر سربسجود ہوں اور اللہ تعالیٰ کی محبت کو جذب کرنے والے ہوں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ظاہری، باطنی اور جسمانی صفائی کی طرف توجہ کرنے اور اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے اور اللہ کی خوشنودی اور رضا مندی حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مکرم محمد زکریا ورک صاحب

نامور ہندوستانی سائنسدان، فتح اللہ شیرازی

میر فتح اللہ ایران کے مردم خیز شہر شیراز میں پیدا ہوئے۔ اسی شہر میں انہوں نے کئی نامور اساتذہ سے تعلیم حاصل کی جیسے ملا کمال الدین شروانی، میر غیاث الدین شیرازی۔ انہوں نے مذہبی علوم، ادب، صرف ونحو، فلسفہ، طب، ریاضیات، ہیئت، علم نجوم، تعویذ جادو اور میکانیات میں مہارت پیدا کر لی۔ ان کے ایک مداح ملا بدایونی کے بقول میر فتح اللہ تمام علوم عقلیہ، فلسفہ، ہندسہ نجوم اور حساب میں اتنے ماہر تھے کہ بادشاہ کے مطالبے پر تقویم بنا دیتے تھے۔ ان کی علمی صلاحیتوں کے پیش نظر بیجا پور کے عادل شاہ نے انہیں بڑی کوشش کے بعد ایران سے دکن بلایا اور ان کے آتے ہی ان کو اپنا وکیل مقرر کیا۔ عادل شاہ کی وفات تک وہ اپنی خداداد صلاحیتوں، علمی معرکہ آرائیوں سے پورے ہندوستان میں بام شہرت پر پہنچ چکے تھے۔ شہنشاہ جلال الدین اکبر انہیں اپنے دربار سے وابستہ کرنا چاہتا تھا اس لئے عادل شاہ کے قتل ہونے پر شہنشاہ اکبر کے حکم پر 1583ء میں فتح پور چلے گئے جہاں کا پرجوش استقبال عبدالرحیم خانخانان اور حکیم ابو الفتح جیسی نابغہ روزگار ہستیوں نے کیا۔ ان کو شاہی عزت اور بلند مقام دیا گیا یعنی تین ہزاری کا مرتبہ دیا گیا۔ اگلے سال ان کو امین الملک کا خطاب نوازا گیا۔ راجہ ٹوڈرمل کے حکم پر مالی اور سیاسی معاملات میں تجاویز فتح اللہ شیرازی عمل میں لائی جانے لگیں اور ان کو عضد الدولہ کا خطاب تفویض کیا گیا۔

میر فتح اللہ نے اپنی علمیت، انشاء پردازی، صائب الرائے ہونے کی وجہ سے کافی شہرت پائی اور اعلیٰ سرکاری عہداوں پر فائز رہے۔ وہ اپنے دور کے علماء میں سب سے ممتاز عالم سمجھے جاتے تھے۔ بہ حیثیت معلم وہ لوگوں کے گھروں میں جا کر بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا کرتے تھے اور اپنی شان یا عہدے کی ذرا بھی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ شیخ ابوالفضل کے بچوں اور دیگر صاحب ثروت لوگوں کے بچوں کو جن کی عمر آٹھ سال کے لگ بھگ ہوتی تھی سیدھی لکیر بنانا، دائرہ کھینچنا، رنگنا، اور حروف تہجی لکھنا سکھاتے تھے۔

میر صاحب بہت ہی خوش اخلاق انسان تھے تعلیم کے سلسلے میں ان کا سب سے عظیم کارنامہ سکولوں میں حساب، ہندسہ، ریاضی، زراعت، طب، علم ہیئت اور معقولات کا نیا نصاب شروع کرنا تھا جو اس دور کے سب علماء نے بہ نظر تحسین دیکھا تھا۔ غالباً یہی نصاب میں درس نظامی کہلایا تھا جس کے بانی ملا نظام الدین سہالوی تھے۔ یوں فتح اللہ شیرازی درس نظامی کے اولین اساتذہ میں سے تھے۔

